## حیسکو پریس رلیز مورخہ 16 مارچ 2020

# وفاقی سیکریٹری وزارت انرجی عرفان علی کی ہدایات پر حیسکو چیف عبدالحق میمن کی حیسکو تمام افسران سے ہنگامی میٹنگ، کرونا وائرس سے بچا کی احتیاطی تدابیروں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

# تمام حیسکو ملازمین فیلڈ میں کام کرتے وقت ماسک اور دستانے ضرور پہنیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (          ) حیسکو ترجمان کے مطابق آج وفاقی سیکریٹری وزارت انرجی حکومت پاکستان عرفان علی کی جانب سے تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں کرونا وائرس CONVID-19 سے بچنے کیلئے احتیاطی تدابیروں پر مکمل عمل کرنے کے احکامات جاری کیئے گئے ہیں، جس پر حیسکو انتظامیہ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو عبدالحق میمن نے فوری طور پر ہنگامی اجلاس طلب کرلیا، حیسکو چیف نے میٹنگ میں تمام افسران کو تفصیلات بتاتے ہوئے آگاہ کیا کہ کرونا وائرس کا علاج احتیاط ہے اس خطرناک مرض کا خاتمہ صرف اور صرف احتیاط ہی ہے، کیونکہ پوری دنیا میں اس کے علاج کیلئے کوئی دوائی نہیں ہے، انہوں نے کہا کہ ہاتھ اور گلے ملنے سے گریز کریں، زیادہ بھیڑ والے علاقے میں نہ جائیں، کچھی اچھے صابن سے ہر دس منٹ بعد ہاتھ اچھے طریقے سے دھوئیں، اگر طبعیت ناساز محسوس کریں تو فوراً اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں، زکام اور بخار کی صورت میں قریبی CONVID-19 مرکز پر اپنی تشخیص کرائیں تاکہ آپ اس سے محفوظ رہ سکیں۔ حیسکو چیف نے تمام چیف انجنیئر ز، ڈائریکٹر اور سرکل سطح کے افسران کو کرونا وائرس سے بچاء کیلئے مہم میں بھرپور کردار ادا کرنے کی ہدایات۔ حیسکو چیف نے پورے حیسکو ریجن میں فوری طور پر تشہیر مہم کا آغاز کردیا ہے، اور پورے حیسکو کے دفاتر اور گنجان آباد علاقوں میں پینا فلیکس لگادیئے جائیں، تاکہ عوام/حیسکو ملازمین اس خطرناک مرض سے بچنے کی احتیاطی تدابیریں اپنائیں، اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں، کیونکہ احتیاط علاج سے بہتر ہے۔ آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو

16 مارچ 2020